☆ وہی انداز ہے ظالم کا زمانے والا ✓ ☆ دوست ہوتا نہیں ہر ہاتھ ملانے والا

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۴۰)

ہدایات: اس حصے سے تمام سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

۲۔ درج ذیل اشعار میں سے دو اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے اور مختصر تعارف کے ساتھ تحریر کیجیے: 10

(i) قاصد نہیں یہ کام ترا، اپنی راہ لے — اس کا پیام دل کے سوا کون لا سکے

(ii) اسی سے دور رہا اصل مدّعا جو تھا — گئی یہ عمر عزیز آہ! رائیگاں میری

(iii) سن تو سہی جہان میں ہے تیرا فسانہ کیا؟ — کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا؟

(iv) معلوم سب ہے پوچھتے ہو پھر بھی مدعا — اب تم سے دل کی بات کہیں کیا زباں سے ہم

(v) آغاز کو کون پوچھتا ہے — انجام اچھا ہو آدمی کا

۳۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے۔ ۶

(ب) منتخب کردہ اقتباس کے سبق کا نام تحریر کیجیے۔ ۲

(ج) منتخب کردہ اقتباس کے مصنف کا نام تعارف کے ساتھ تحریر کیجیے۔ ۲

(i) ان نااتفاقیوں نے ہماری قوم کو نہایت ضعیف اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے۔ جمعیت کی برکت ہماری قوم سے جاتی رہی ہے۔ قومی ہمدردی اور ترقی اور قومی اُمور کے سرانجام دینے میں اس نالائق نااتفاقی نے بہت کچھ اثرِ بد پہنچایا ہے۔

(ii) دشمن کو دوست بنانا اور دوست کو دشمن کر دکھانا تیرا ایک ادنیٰ کھیل ہے، جس کے تماشے سیکڑوں دیکھے اور ہزاروں دیکھنے باقی ہیں۔ اے میری بنی بات کو بگاڑنے والی اور میرے بگڑے کاموں کو سنوارنے والی! روتے کو ہنسانا اور ہنستے کو رلانا، روٹھے کو منانا نہیں معلوم تو نے کہاں سے سیکھا اور کس سے سیکھا؟

(ii) شہر چپ چاپ، نہ کہیں پھاوڑا چلتا ہے، نہ سرنگ لگا کر کوئی مکانِ اڑایا جاتا ہے، نہ آہنی سڑک آتی ہے، نہ کہیں دمدمہ بنتا ہے۔ دلی شہر خموشاں ہے۔ کاغذ نبڑ گیا، ورنہ تمہارے دل کی خوشی کے واسطے ابھی اور لکھتا۔

۴۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ ۸

(ب) درج ذیل منتخب کردہ نظم کے شاعر کا تعارف تحریر کیجیے۔ ۲

☆ نوائے سروش ☆ چپ کی داد ☆ مردِ مسلمان

۔۔یا۔۔ (الف) درج ذیل جزو کے شاعر اور نظم کا نام تحریر کیجیے۔

(ب) درج ذیل جزو کی تشریح کیجیے۔

کتنا پیارا ہے موسم وہاں کا — کتنی پرکیف اُس کی فضا ہے

تم مرے ساتھ خود چل کے دیکھو، — گردِ طیبہ بھی خاک شفا ہے

مستقل انؐ کی چوکھٹ عطا ہو — میرے معبود یہ التجا ہے!

کوئی پوچھے تو یہ کہہ سکوں میں، — بابِ جبریل میرا پتا ہے!

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ مصنف کے تعارف کے ساتھ تحریر کیجیے۔

☆ زیور کا ڈبا ☆ بیگم کی بلّی ☆ بابا نور

۔۔یا۔۔ دیئے گئے سوالات میں سے کسی پانچ کے جوابات تحریر کیجیے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

(i) اچھے مترجم میں کیا کیا خوبیاں ہونا چاہییں؟

(ii) تھر کی بچی کس بات کا دعویٰ کر رہی تھی؟

(iii) ہُدہُد کو کیا تحفہ دیا گیا؟

(iv) رسوبی چٹانیں کیا ہیں اور یہ کیسے وجود میں آتی ہیں؟

(v) حکمی علاج سے کیا مراد ہے؟

(vi) لڑائی میں الجھنے اور الجھانے میں کیا فرق ہے؟

(vii) بچپن میں زبان کا کیا کردار بیان کیا گیا ہے؟

(viii) قومی ہمدردی کے کیا فائدے ہیں؟

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۰)

۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کی شاعرانہ خصوصیات تحریر کیجیے۔

☆ مرزا غالب ☆ خواجہ میر درد ☆ علامہ اقبال

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نثر نگار کی طرزِ کی خصوصیات بیان کیجیے۔

☆ سر سید احمد خان ☆ خواجہ حسن نظامی ☆ منشی پریم چند

۔۔۔یا۔۔۔ درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون تحریر کیجیے۔

☆ شہر کراچی کے مسائل ☆ میری پسندیدہ شخصیت